# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی و علوم اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

### وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت اور مستشرقین، (3913)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص: سیرت سٹڈیز)**

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔ (تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

1. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
2. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
3. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
4. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
5. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
6. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ1-4)

سوال نمبر1-استشراق اور تحریکِ استشراق کا مفہوم بیان کریں، نیز اس کے تاریخی پس منظر، محرکات اور علمی سرگرمیوں کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر2- قرآن کریم پر کام کرنے والے مستشرقین میں سے تین کا تعارف اور علمی خدمات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3- منٹگمری واٹ کی سیرت نگاری کے اسلوب اور منہج کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ ان کی کتبِ سیرت نے مغربی دنیامیں سیرتِ نبوی ﷺ کے مطالعے پر کیااثرات مرتب کیے؟ (20)

سوال نمبر4-سیرت طیبہ کے مصادر کی اشاعت میں مستشرقین کے کردار پر مفصل مضمون قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر5-سیرتِ طیبہ ﷺ کے بارے میں قدیم مستشرقین کے عمومی رویوں کا تنقیدی جائزہ پیش کریں اور ان کے اسلوبِ مطالعہ کے محرکات اور علمی اثرات کو واضح کریں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ5-9)

سوال نمبر1۔ قرآن کریم کے ماخذ کے بارے میں مستشرقین کے نظریات کا جائزہ لیں اور اسلامی نقطۂ نظر کی روشنی میں ان کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ جدید مستشرقین کی سیرت نگاری کے اسلوب کی وضاحت کریں، نیز خاندانِ بنوہاشم کے مقام و مرتبہ اور تاریخی فضیلت پر تفصیلی نوٹ لکھیں (20)

سوال نمبر3۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ قریش کے نسبی تعلق کو قرآن کریم کی روشنی میں واضح کریں اوراس کی دینی و تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ غزواتِ نبوی ﷺ کے بارے میں مستشرقین کے اعتراضات کا جائزہ لیں اور سیرتِ طیبہ کے اصول وواقعات کی روشنی میں ان کے جوابات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ بیسویں اور اکیسویں صدی میں مستشرقین کے مطالعۂ سیرت کے نمایاں رجحانات کا جائزہ لیں اور واضح کریں کہ ان مطالعات نے سیرت نگاری کے میدان کو کس طرح متاثر کیا؟ (20)